ہندوستان گلوبل کرائسس ریسپانس گروپ کے چیمپئنز گروپ میں شامل

07جولائی 2023

ہندوستان اقوام متحدہ کے سکریٹری جنرل (یو این ایس جی) انتونیو گٹیرس کی طرف سے وزیر اعظم نریندر مودی کو دی گئی دعوت کو قبول کرتے ہوئے گلوبل کرائسز ریسپانس گروپ (GCRG) کے چیمپئنز گروپ میں شامل ہوگیا ہے۔

گلوبل کرائسز ریسپانس گروپ (GCRG) کا قیام UNSG نے مارچ 2022 میں فوڈ سیکیورٹی، توانائی اور مالیات میں ایک دوسرے سے جڑے ہوئے بحران سے متعلق فوری اور اہم عالمی مسائل کو حل کرنے اور عالمی ردعمل کو مربوط کرنے کے لیے کیا تھا۔ GCRG کی نگرانی چیمپئنز گروپ کرتا ہے جس میں بنگلہ دیش، بارباڈوس، ڈنمارک، جرمنی، انڈونیشیا اور سینیگال کے HOS/HOGs شامل ہیں۔

گروپ میں شامل ہونے کا فیصلہ ہندوستان کی بڑھتی ہوئی عالمی قیادت اور عصری عالمی چیلنجوں سے نمٹنے کے عزم کی عکاسی کرتا ہے۔ ہندوستان کی شرکت سے اقوام متحدہ کے ترقیاتی مسائل پر نتیجہ خیز حل تلاش کرنے کی کوششوں کو مزید تقویت ملے گی جو دنیا بالخصوص ترقی پذیر ممالک کو متاثر کرتے ہیں۔

وزارت خارجہ میں سکریٹری (مغرب) جناب سنجے ورما کو جی سی آر جی کے عمل میں شیرپا کے طور پر نامزد کیا گیا ہے۔ شیرپا آج کے بعد ورچوئل طور پر ملیں گے اور چیمپئنز کی میٹنگ 21 جولائی 2023 کو طے ہے۔

نئی دہلی
07 جولائی 2023